© rasailojaraid.com



## سلام

**شہدائے ختم نبوت 1953ء**

**بنتِ امیر شریعت سیدہ اُمّ کفیل مدظلہا**

سیّدِ الکونین کے سب جاں نثاروں کو سلام
دین کے اُن اوّلیں بنیاد کاروں کو سلام

سر بکف قرآں بلب رہتے تھے جو گِردِ نبی
بدر کے اُن تین سو تیرا ستارو ں کو سلام

رات کو تھیں سجدہ گاہیں دیدۂ گریاں سے تَر
صُبحدم جنگاہ میں ، اُن شہسواروں کو سلام

ہم تو ہیں ہی نام لیوا، معترف منکر بھی ہیں
اُن جگرداروں، شہیدوں، جاں سپاروں کو سلام

گولیوں سے بھون ڈالا جن کو اعظم خان☆ نے
اُن کی روحوں پر سلام، اُن کے مزاروں کو سلام

(دارِ بنی ہاشم، اگست 2003ء)

☆جنرل اعظم خان، جس کے مارشل لائی حکم پر 1953ء کی تحریک تحفظ ختم نبوت میں لاہور میں سینکڑوں مسلمان شہید کر دیئے گئے۔



© rasailojaraid.com